www.KitaboSunnat.com

اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں!"

پس اے اہلِ وطن، توبہ و "انابت الی اللہ" کے لیے ان مبارک ساعتوں سے فائدہ اٹھائیے اور آئندہ کے لیے یہ عہد کیجئے کہ رب کی نافرمانی کے قریب بھی نہ پھٹکیں گے، پھر دیکھئے کہ مصائب کی دھند کیونکر چھٹتی اور رحمتِ خداوندی کی گھٹائیں کس طرح جھوم جھوم کر برستی ہیں ——— آزمائش شرط ہے!

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ، وَ مَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ!

(اکرام اللہ ساجد)

شعر و ادب

ہر اک سے نرالی ادائے محمدؐ

(مولانا عبدالرحمٰن عاجز مالیر کوٹلوی)

نہ تمثالِ صدق و صفائے محمدؐ
نہ امثالِ شرم و حیائے محمدؐ

نہایت ہی سادہ عبائے محمدؐ
بری از تکلّف غذائے محمدؐ

تڑپ اُٹھے سن کر جسے جن و انساں
کلامِ مُبیں ایسا لائے محمدؐ

کیا جس سے وعدہ نبھا کر دکھایا
تھی مشہورِ دنیا وفائے محمدؐ

مسخّر کیا جس نے سرکش دلوں کو
وہ ہے قولِ معجز نمائے محمدؐ

مصائب کے لاکھوں ہی طوفان اُٹھے
نہ ہرگز کہیں ڈگمگائے محمدؐ

فرشتے بھی حیران انساں بھی ششدر
ہر اک سے نرالی ادائے محمدؐ

امیری ہی رکھتے تھے شانِ فقیری
فقیری تھی شانِ غنائے محمدؐ

گیا کوئی خالی نہ در سے سوالی
کہاں ہے مثالِ عطائے محمدؐ

رضائے خدا ہے جو مقصود عاجزؔ
تو لازم ہے پھر اقتدائے محمدؐ

(صلی اللہ علیہ وسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ